Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ / جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۷ / اپریل سنہ ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت منصرم اصطبل	۱
۲	مطالبے فیشن بکلے انعام پیا پیرل سروس انفنٹری	۲
۳	بانجم مرشمول معاملہ غیر متعلق پبلک زیر تحقیقات	۲
۴	اضافہ ارشاد علیخاں چپکار	۲
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۰ / اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

بتجویز عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رخصت پندرہ یوم محمد فیاض خان منصرم اصطبل من ابتدا ۱۵ / لغایت ۳۰ / اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بغرض روانگی علیگڈہ وگونڈہ بکارکردگی فیجر صاحب اصطبل منظور فرمائی گئی

روبکار اجلاس عالیہ دارالانشاء اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ ر اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

امپیریل سروس انفنٹری کا کوئی جوان جو میدان جنگ میں بوجہ بیماری یا زخم کام آئے اُسکے ورثہ کی پرورش کیواسطے ریاست سے پنشن دی جانیکا قاعدہ مقرر ہو گیا ہے۔ چونکہ ما بدولت و اقبال کو اپنے سپاہیوں کی مزید پرورش اور اُنکی حوصلہ افزائی منظور خاطر ہے اسلئے تجویز کیا جاتا ہے کہ آیندہ جو فوجی ملازم میدان جنگ سے زخمی یا بیمار ہو کر واپس آئے اور آیندہ وہ بجا آوری خدمات کے قابل نہ رہے اُسکو بجائے انعام پنشن دی جائے بشرطیکہ میڈیکل بورڈ اُسکو ہمیشہ کیواسطے "ان فٹ" قرار دیدے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ میجر عبد الکریم خان بہادر کمانڈنگ امپیریل سروس انفنٹری کو جو میدان جنگ میں ہیں دفتر فوجی سے اطلاع دیجائے گزٹ میں بھی درج ہو۔ اصل روبکار شامل مثل رہے۔ ہائی آرڈر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۶ ر مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ایک معاملہ میں بہنگام تحقیقات تحصیلات میں دوسرے معاملات کو شامل کر دیا جاتا ہے جس وجہ سے ابتدائی معاملہ اُلجھن میں پڑ جاتا ہے اور دوسرے معاملہ کی کارروائی شروع ہو جاتی ہے جیسا کہ مثل موضع [illegible] کلاں پرگنہ سوار میں ابتدائی کارروائی تنبیع [illegible] خان کی ہوئی اور اُسکے بعد گرداور نے تحقیقات قطع یاسی شروع کر دی [illegible] اور بھی مشاہدہ میں آیا ہے کہ ابتدا کسی معاملہ سے ہوئی اور درمیانی معاملات چھڑ جانیسے مثل پیچیدہ ہو گئی لہذا حسب تحریک اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری جملہ تحصیلداران کو باجرائے احکام اطلاع دیجائے کہ آیندہ دوران تحقیقات میں غیر متعلق معاملہ کو شامل زیر تحقیقات میں شامل نہ کیا جاوے بلکہ بہنگام تحقیقات اگر دوسرا معاملہ ثابت ہو تو اوس کی علیحدہ تحقیقات کیجایا کرے۔

ملاحظہ ہوا۔ نقل حکم منسلکہ بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو اور باجرائے احکام جملہ تحصیلداران کو اطلاع دیجائے۔

روبکار اجلاس جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر واقع ۹ ر اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

ارشاد علیخان پیشکار صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص کے اضافہ تنخواہ کی عرضداشت ملاحظہ ہوئی۔ جناب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص نے لکھا ہے کہ ارشاد علیخان کو پندرہ روپیہ تنخواہ ملتی ہے سنہ ۱۹۱۲ء میں دو روپیہ اضافہ ہوا تھا۔ کام اچھا انجام دیتے ہیں مستحق اضافہ ہیں پانچ روپیہ کی سفارش ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ارشاد علیخان کی موجودہ تنخواہ میں بالفعل تین روپیہ اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۸ سار	۹ سار			۰۹ سار	۰۸ سار	
نخود خالص	۱۲ سار	۱۳ سار			۱۴ سار	۱۲ سار	
نخود کسہ آمیز	۰۱۳ سار	۱۴ سار			۰۱۴ سار	۰۱۳ سار	
کسہ					۱۵ سار	۱۴ سار	
ماش	۷ سار	۷ سار			۰۷ سار	۸ سار	
مونگ	۸ سار	۷ سار			۰۷ سار	۷ سار	
مکا	۱۶ سار	۱۵ سار			۱۶ سار	۱۶ سار	
جئی	۱۱ سار	-			-	۱۴ سار	
گوجئی	-	-			۱۳ سار	۱۴ سار	
عدس	۱۱ سار	۰۱۳ سار			۱۲ سار	۱۱ سار	
ارہر	۱۱ سار	۱۲ سار			۱۲ سار	-	
برنج	۶ سار	۷ سار			۰۶ سار	۷ سار	
روغن زرد	۰/۱۱ سار	۱ سار			۱ سار	۰/۱۱ سار	
روغن سیاہ	۲ سار	۰۲ سار			۰۲ سار	۳ سار	
روغن کنجد	۲ سار	۲ سار			۲ سار	۰/۲ سار	
نمک سانبھر	۱۰ سار	۱۲ سار			۱۲ سار	۰۱۳ سار	
نمک لاہوری	۸ سار	۱۳ سار			۱۰ سار	۱۳ سار	
قند سیاہ	۰۵ سار	۶ سار			۰۵ سار	۶ سار	
باجرہ	۰۱۱ سار	۱۴ سار			۱۲ سار	-	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور